(ادارہ)

تذکارِ امیرِ شریعت

ریڈیو کے حوالے سے سید ذوالفقار علی بخاری (زیڈ۔اے بخاری) کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں، پطرس بخاری کا بھائی ہونا بھی انکا ایک معروف حوالہ ہے، سید ذوالفقار علی بخاری کی خودنوشت سوانح عمری ''سرگزشت'' کے نام سے منظرِ عام پر آئی، یہ سرگزشت ریڈیو کے شب وروز کی ایک دلچسپ داستان ہے، اسے ریڈیو کے ابتدائی دور کی ایک اہم اور مستند دستاویز کہا جا سکتا ہے، جسے انہوں نے ۱۹۶۶ء میں مکمل کیا اور زیرِ نظر ایڈیشن (طبع جدید اوّل) ۱۹۹۵ء میں شائع ہوا، اس کتاب میں جہاں برصغیر کی بہت نامور شخصیات کا ذکر آتا ہے وہاں برصغیر کے مسلمانوں کے عظیم قائد سید عطاء اللہ شاہ بخاری مرحوم کا ذکر کیا گیا ہے،

سرگزشت سے چند اقتباس پیش کیے جاتے ہیں:

جب ملک میں لاؤڈ اسپیکر نیا نیا آیا تو اپنے ہمراہ نئی نئی مصیبتیں لایا۔ اس کے بل پر ہر وہ شخص تقریر کرنے کھڑا ہو گیا جو پہلے کسی جلسے میں دم بھی نہ مار سکتا تھا۔ اب یہ چڑیا جتنی آواز رکھنے والا بھی ابوالکلام آزاد، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، ظفر علی خان، بہادر یار جنگ، محمد علی جوہر، ایسے دم خم رکھنے والے حضرات کی صف میں آ کھڑا ہوا اور مصر ہوا کہ ان شیروں کی گرج سنتے تھے اب یہ بھی دیکھو کہ میں مائیکروفون کی کلیا میں کیا گڑ پھوڑتا ہوں۔ (ص، ۸۷)

حضرت عطاء اللہ شاہ بخاری کی تقریر شعروں سے مرصع ہوتی تھی اور جب حضرت کوئی شعر لحن سے پڑھتے تھے تو روح تازہ ہو جاتی تھی، ہائے وہ درویش نعرہ زن۔

''خوش فکر و بذلہ سنج ہنر پرور و غیور''

اب عطاء اللہ شاہ بخاری ایسا مقرر کہاں سے آئے'' (ص، ۱۶۱)

عمر فاروق ہارڈ ویئر اینڈ مل سٹور

عمارتی و صنعتی سامان، ہارڈ ویئر، پینٹس، ٹولز، بلڈنگ میٹریل

گورنمنٹ سے منظور شدہ کنڈے، باٹ و پیمانہ جات

صدر بازار، ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462483